# 03-11-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ نئی برقی پالیسی کا جلد اعلان کیا جائے گا۔

۲۔وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ورنگل شہر کو ریاست کے دوسرے دارالحکومت کی حیثیت سے ترقی دی جائے گی۔

۳۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ دھان کی خریدی کا عمل فوری شروع کرے۔

اور

۴۔ ریاست بھر میں 6 نومبر سے جامع گھریلو سروے شروع کیا جائے گا۔

☆☆☆

ہنمکنڈہ ضلع کے سائم پیٹہ منڈل میں پداکوڑے پاکا کے مضافات میں دیوادولہ پراجکٹ کے گیٹ کی دیوار میں شگاف کی وجہ سے آج تقریباً آدھے گھنٹے تک کافی مقدار میں پانی بہہ گیا۔اطلاعات کے مطابق دیوادولہ پراجکٹ کے دوسرے مرحلہ کے تحت جوگم پلی کے مضافات میں واقع چالی واگو پراجکٹ سے دھرماساگر کو پانی کی منتقلی کے لئے پائپ لائن کی تعمیر کا کام شروع کیا گیا۔چالی واگو پراجکٹ کے دیوادولہ سب اسٹیشن میں برقی کے مسئلہ کی وجہ سے پانی کے تیز بہاؤ کے نتیجہ میں پراجکٹ کے گیٹ کی دیوار سے پانی بہنے لگا۔تیز رفتاری سے پانی کے بہاؤ کی وجہ سے قریبی کھیتوں میں فصلوں کو نقصان پہنچا۔دیہاتیوں نے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں کو اطلاع دی اور انہوں نے فوری موٹرس بند کرتے ہوئے مرمتی کام شروع کردیا۔

☆☆☆

کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے وانکیڑی منڈل میں قبائلی بہبود کے محکمہ کے زیر انتظام چلائے جانے والے ایک اقامتی اسکول میں آلودہ غذا سے متاثر طلبہ کی تعداد 60 ہوگئی ہے۔ایک طالب علم کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ذرائع نے بتایا کہ کل ہاسٹل میں رات کے کھانے کے بعد 15 طلبہ بیمار ہوگئے۔ اس سے قبل جمعہ کو 45 طلبہ بیمار پڑ گئے تھے اور انہیں وانکیڑی منڈل سنٹر میں ایک پرائمری ہیلتھ سنٹر میں شریک کیا گیا۔اسی شام ان طلبہ کو ڈسچارج کردیا گیا۔کل رات کے کھانے کے بعد طلبہ نے پیٹ میں درد، متلی اور اجابتوں کی شکایت کی۔شلجا نامی ایک طالبہ کی حالت بگڑنے کے بعد اسے منچریال کے ہاسپٹل منتقل کیا گیا۔ایک اور طالبہ پاروتی کاغذنگر کے ہاسپٹل میں زیر علاج ہے۔ کوولکشمی نامی ایک اور طالبہ آصف آباد میں ضلع ہیڈکوارٹر ہاسپٹل میں شریک کی گئی ہے۔شیلجا کو وینٹی لیٹر پر رکھا گیا ہے اور اس کی حالت نازک ہے۔انٹی گریٹیڈ ٹرائبل ڈیولپمنٹ ایجنسی اٹنور کی پراجکٹ آفیسر خوشبو گپتا نے ہاسٹل کا دورہ کیا اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ کچن میں صفائی کے انتظامات پر دھیان دیں۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ ایسے واقعات کے اعادہ کو روکنے کے لئے قدم اٹھائیں۔

☆☆☆

بی جے پی، او بی سی مورچہ کے قومی صدر لکشمن نے ریاست کی کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کسانوں، طلبہ اور بے روزگاروں سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل میں ناکام ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے کسانوں کے قرضے معاف کرنے، کسانوں کی مالی امداد میں اضافہ کرنے اور ملازمتیں فراہم کرنے کے وعدے کئے تھے لیکن وہ تمام محاضوں پر ناکام ہوگئی۔ لکشمن نے ایک بیان میں کہا کہ وعدوں کے باوجود کئی کسانوں کو ریتو بندھو کے فوائد حاصل نہیں ہورہے ہیں اور قرضوں کی معافی کا پروگرام تکمیل کو نہیں پہنچا ہے۔ 50 ہزار ملازمتیں فراہم کرنے کے چیف منسٹر ریونت ریڈی کے دعوے کا ذکر کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت نوٹیفکیشن اور امتحانات کا ثبوت پیش کریں۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے وقف بورڈ میں غیر مسلموں کو شامل کرنے کے نریندر مودی حکومت کے فیصلہ پر تنقید کرنے پر مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی کو آڑے ہاتھوں لیا ہے۔ تروملا تروپتی دیوستھانم میں صرف ہندوؤں کو نمائندگی فراہم کرنے وقف بورڈ میں غیر مسلموں کو شامل کرنے کی تجویز پر اسدالدین اویسی نے تنقید کی تھی۔ بنڈی سنجے نے تروملا تروپتی دیوستھانم کا وقف بورڈ سے موازنہ کرنے پر اویسی پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ٹی ڈی ایک مقدس مقام ہے، جبکہ وقف بورڈ اراضی کے معاملات سے نمٹتا ہے۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ مرکزی حکومت وقف ایکٹ میں اس لئے ترمیم کرنا چاہتی ہے تاکہ وقف اراضی کے فوائد غریب مسلمانوں تک پہنچیں۔

☆☆☆

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ نلگنڈہ ضلع میں دامرچرلہ دھرمل اسٹیشن سے پیدا ہونے والی چار ہزار میگاواٹ برقی کو آئندہ سال مئی تک الکٹرسٹی گریڈ سے جوڑ دیا جائے گا۔ ڈپٹی چیف منسٹر وزرأ کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اور اتم کمار ریڈی کے ساتھ مل کر تھرمل پراجکٹ کی پہلی یونٹ کو گریڈ سے جوڑنے کے کام کا افتتاح کیا۔ بعد میں تینوں وزرأ نے تھرمل پراجکٹ کا فضائی معائنہ کیا۔ ملو بھٹی وکرامارکہ نے تھرمل اسٹیشن میں کوئلہ کے ایک ریلوے ویگن کا بھی افتتاح کیا۔ انہوں نے وہاں عہدیداروں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ بعد میں ڈپٹی چیف منسٹر نے میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ حکومت بہت جلد نئی الکٹرسٹی پالیسی لائے گی۔ انہوں نے کہا کہ برقی کی مانگ کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت برقی پیدا کررہی ہے اور ایک اندازہ کے مطابق سال 2028-29ء تک ریاست میں برقی کی مانگ 22 ہزار 488 میگاواٹ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ زراعت، صنعت اور گھریلو شعبوں کی مانگ کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت نے بلا رکاوٹ برقی کی سربراہی کا منصوبہ بنایا ہے۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے ریاست میں دھان کی خریدی میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ حکومت نے اعلان کیا تھا کہ ریاست بھر میں 7 ہزار 572 خریدی مراکز قائم کئے جائیں گے لیکن اب تک صرف 4 ہزار 598 مراکز کارکرد ہوئے ہیں اور دھان کی خریدی بھی ابھی شروع نہیں ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خریدی کے مراکز پر کسان اپنی دھان کے ساتھ منتظر ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کئی کسان اپنی فصلیں سڑک کے کنارے چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔ بنڈی سنجے کہا کہ حالیہ بارش سے صورتحال مزید بگڑ گئی ہے۔ کئی اضلاع میں دھان پانی میں بھیگ گئی ہے۔ کریم نگر پارلیمانی حلقہ میں ہزار ہا ایکڑ پر دھان کی فصلیں زیر آب آ گئی ہیں۔ انہوں نے دھان کی خریدی فوری شروع کرنے کا مطالبہ کیا اور حکومت پر زور دیا کہ وہ اپنے انتخابی وعدے کے مطابق دھان کی مکمل پیداوار خریدنے کے لئے اقدامات کریں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کریم نگر حلقہ میں بی جے پی دھان کی خریداری میں تاخیر پر احتجاج کرے گی۔

☆☆☆

وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ورنگل شہر کو ریاست کے دوسرے دارالحکومت کی حیثیت سے ترقی دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کی طرح ورنگل کی ترقی کے لئے منصوبہ تیار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے آج ورنگل میں بھدرا کالی مندر میں پوجا کی۔ بعد میں میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت تاریخی شہر ورنگل کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں حیدرآباد کے بعد ورنگل دوسرا بڑا شہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی اجازت سے مامنور میں ایرپورٹ کا استعمال شروع کیا جائے گا۔

☆☆☆

ریاست میں 6 نومبر سے جامع گھریلو سروے شروع کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں عہدیدار ضروری انتظامات میں مصروف ہیں۔ پسماندہ طبقات، درجہ فہرست ذاتوں، درجہ فہرست قبائل اور دیگر کمزور طبقات کے لئے تعلیم، صحت، روزگار اور سیاسی مواقع میں اضافہ کے لئے اس سروے کے دوران ضروری معلومات جمع کی جائے گی۔ اس سروے کے لئے سوپر وائزر اور اینومریٹرس کو تربیت فراہم کی گئی ہے۔ ریاست بھر میں 50 ہزار عہدیدار یہ سروے انجام دیں گے۔